نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام دوروزہ بین الاقوامی "پاکستان ایگری ایکسپو2022" کا انعقاد18 جون کو کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اور ان سے بنی مصنوعات کو پیش کیا جائے گا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

امسال پاکستان ہارٹی ایکسپو میں 12 ممالک سے 50 سے زائد وفود شریک ہوں گے

لاہور03 جون2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دو روزہ بین الاقوامی "پاکستان ایگری ایکسپو2022" کا انعقاد کیا جارہا ہے۔اس نمائش میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اور ان سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔ **پاکستان ایگری ایکسپو2022 کے لئے 18 اور 19 جون کو سٹالز ایکسپو** سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔امسال پاکستان ایگری ایکسپو میں تاجکستان،ازبکستان، بیلا روس ،قازقستان، سعودی عرب، دوبئی، قطر، بحرین، سری لنکا، انڈونیشیا، ملائیشیا اور ترکی سے ماہرین، ایکسپوٹرز و دیگر اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی تین نمائشوں کا انعقاد کروا چکا ہے جس میں مجموعی طور پر 15 ممالک سے 100 وفود نے شرکت کی اور ان نمائشوں کے ذریعے پاکستانی برآمدات میں 10.2 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان ایگری ایکسپو2022 کے انعقاد سے ہارٹیکلچر کے شعبے سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جارہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا اور ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔مزید معلومات اور سٹالز کی بکنگ کیلئے خواہشمند حضرات اسٹیبلشمنٹ آف ماڈل فارم پراجیکٹ، 21۔ڈیوس روڈ لاہور یا دفتری اوقات میں فون نمبر 042-99205071-73 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆